نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

22مارچ2011ء

برائے فوری اجراء

058/2010

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے قرآن پاک کا نسخہ نذرِ آتش کرنے کی مذمت

کسی بھی مقدس کتاب کی دانستہ بے حرمتی ایک قابلِ نفرت فعل ہے

اسلام آباد (22مارچ2011ء)___ پاکستان میں امریکی سفارتخانہ ریاست فلوریڈا میں قرآن کریم کے ایک نسخے کو نذرِ آتش کئے جانے کی مذمت کرتا ہے۔ یہ ایک چھوٹے سے گروہ کا انفرادی فعل ہے جو امریکی روایات سے متصادم ہے۔ یہ واقعہ دین اسلام کے احترام سے متعلق امریکی عوام کے جذبات کی عکاسی نہیں کرتا۔

سفیر کیمرون پی۔ منٹر نے کہا ہے کہ " کسی بھی مقدس کتاب کی دانستہ بے حرمتی ایک قابلِ نفرت فعل ہے۔ امریکہ اپنی تشکیل کے وقت سے مذہبی آزادی اور آزادیٔ اظہار رائے کے اصول پر کاربند ہے اور یہ اصول آئین میں شامل ہیں۔ ہم مذہبی عدم برداشت کی کسی بھی شکل کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں۔"

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔